

اُستادِ پنجاب

حافظ عبد المنان صاحب محدث وزیرآبادی کے

سوانح حیات پر مشتمل جامع اور مستند کتاب

مرتبہ مولانا عبدالمجید سوہدروی

تزئین و ترتیب محمد ادریس فاروقی

مسلم پبلیکیشنز
MUSLIM PUBLICATIONS

استادِ پنجاب

حافظ عبدالمنان صاحب محدث وزیر آبادی کے
سوانح حیات پر مشتمل جامع اور مستند کتاب

مرتبہ مولانا عبدالمجید سوہدروی

تزئین وترتیب محمد ادریس فاروقی

مسلم
پبلیکیشنز
MUSLIM PUBLICATIONS

ناشر : مسلم پبلیکیشنز   مدیر : حکیم محمد ادریس فاروقی

ڈسٹری بیوٹر

دارالسلام
کتاب وسنت کی اشاعت کا عالمی ادارہ
ریاض • جدہ • شارجہ • لاہور
لندن • ہیوسٹن • نیو یارک

ہیڈ آفس : پوسٹ بکس: 22743 الریاض: 11416 سعودی عرب

فون : 4033962-4043432 (00966 1) فیکس: 4021659

ای میل: darussalam@naseej.com.sa بک شاپ فون وفیکس: 4614483

جدہ فون وفیکس : 6807752 الخبر فون: 8692900 فیکس: 8691551

شارجہ فون : 5632623 فیکس: 5632624 (009716)

پاکستان : ① 50 لوئر مال نزد ایم ۔ اے ۔ او کالج لاہور فون: 7232400 - 7240024 (0092 42)

فیکس: 7354072 ای میل: darussalampk@hotmail.com

② رحمان مارکیٹ 'غزنی سٹریٹ' اردو بازار' لاہور فون: 7120054 فیکس: 7320703

لندن فون: 5202666 فیکس: 5217645 (0044 208)

ہیوسٹن فون: 7220419 فیکس: 7220431 (001 713) نیو یارک فون: 6255925 (001 718)

Website: http://www.dar-us-salam.com

ایڈیشن : (01)   طبع : 2002   تعداد : 1100

مطبع : احمد پرنٹنگ پریس 50 لوئر مال-لاہور فون 7240024

لوگوں کے سمجھانے پر' کہ اللہ کے بندے! حضرت حافظ صاحب سے معافی مانگ لے اور ان کے پاؤں پکڑ لے۔ چنانچہ مجبوراً اسے حضرت حافظ صاحب ہی کی طرف رجوع کرنا پڑا۔ منت سماجت سے حضرت حافظ صاحب کو خوش کیا اور آئندہ کے لیے توبہ کی' تب کہیں جا کر اس بلائے ناگہانی سے اسے نجات ملی۔

حافظ صاحب مرحوم ایک کامل ولی تھے۔ جمعہ کی صبح کو اکثر تنہائی میں روبقبلہ ہو کر ذکر الٰہی کیا کرتے۔ گڑگڑاتے' عجز وانکساری اور گریہ وزاری کرتے' ہاتھ پھیلا پھیلا کر دعائیں مانگتے' مراقبہ میں جاتے تو کئی عجیب وغریب باتوں کا انکشاف ہوتا۔

مراقبہ

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ آپ کی کتاب معالم التنزیل گم ہوگئی۔ جس کا آپ کو بہت صدمہ ہوا۔ ایک روز صبح نماز سے فارغ ہوتے ہی فرمایا کہ مسجد کے دروازے بند کردو۔ کوئی شخص یہاں سے باہر نہ جائے۔ میرے مالک نے مجھ کو میری کتاب کا پتہ دے دیا ہے۔ یہاں سے قریب ہی جو بننے والی مسجد ہے اس میں جو اینٹوں کا ڈھیر لگا ہوا ہے' اس میں میری کتاب دفن کی گئی ہے۔ چنانچہ حاضرین میں سے ایک آدمی دوڑتا ہوا گیا اور اینٹوں کے ڈھیر سے کتاب نکال لایا۔

دعا کی تاثیر

اسی طرح حافظ عبدالکریم صاحب وزیرآبادی کا لڑکا فوت ہوگیا تو انہیں بہت حزن وملال اور اندوہ وغم ہوا۔ اور آپ سے آکر التجا کی کہ حافظ صاحب میرے لیے دعا فرمایئے۔ کہ اللہ تعالیٰ میرے دل کو اطمینان اور اس کا نعم البدل عطا فرمائے۔ چنانچہ آپ نے مسکراتے ہوئے کہا، حافظ صاحب! پریشان نہ ہوں۔ ہماری دعا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو ایک کے بدلے میں تین بیٹے عطا فرمائے۔ اور اللہ تعالیٰ کے سامنے کوئی بات بھی مشکل نہیں۔ اللہ عزوجل آپ کو تین لڑکے عنائت فرمائے۔ چنانچہ ایسا

ہی ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے حافظ عبدالکریم صاحب کو یکے بعد دیگرے تین بیٹے عطا فرمائے۔ وہ حافظ صاحب ابھی زندہ ہیں اور ان کے ماشاء اللہ تین بیٹے ہیں جو پڑھ رہے ہیں۔

خلاصۂ کلام

غرضیکہ حضرت حافظ عبدالمنان رحمۃ اللہ علیہ بڑے عابد و زاہد، متوکل علی اللہ تھے۔ آپ ہمہ وقت اللہ اور اس کے رسول کی محبت میں مستغرق رہتے تھے۔ اور حدیث نبوی کے تو گویا جان سے عاشق اور دل دادہ تھے۔ آپ کو پڑھاتے پڑھاتے ہزاروں حدیثیں از بر ہو گئی تھیں۔ قرآن مجید اگرچہ آپ نے سبقاً حفظ نہیں کیا تھا مگر اللہ کی شان آپ کو تقریباً سارا حفظ تھا۔ اور جہاں سے چاہتے رکوع کے رکوع پڑھ جاتے تھے۔ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے اکثر مقامات پر اس مضمون کی بہت سی حدیثیں یاد آ جاتی ہیں۔ اور یہی وجہ تھی کہ جب آپ وعظ فرمایا کرتے تو ایک ایک آیت کی تفسیر میں بیسیوں حدیثیں پیش کر دیتے تھے۔ وعظ بھی نہایت مؤثر اور توحید و سنت پر مشتمل ہوا کرتا تھا۔ بعض اوقات سامعین پر اکثر گریہ طاری ہو جاتا تھا۔ اور ایسا کیوں نہ ہوتا جبکہ آپ درد دل اور خلوص نیت سے مافی الضمیر بیان کرتے اور بلا لومۃ لائم وعظ فرمایا کرتے تھے۔ آپ نے ۱۳۱۳ھ میں دوسری بار پھر حج کیا۔ اس سفر میں وزیر آباد کے اکثر احباب شیخ سلطان محمود صاحب وغیرھم اور آپ کے سمدھی مولانا الحاج مولوی غلام نبی الربانی سوہدروی بھی ساتھ تھے۔ اس سفر کے بھی گو کچھ حالات ایسے تھے کہ قلمبند کیے جاتے مگر طوالت مضمون کے باعث انہیں نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

آپ کی اولاد

آپ نے تین شادیاں کی تھیں۔ جن سے پانچ صاحبزادے اور چار